فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اخلاقیات

برائے جماعت دہم (سالانہ امتحان 2018 ومابعد)

حصہ اول

وقت: 15 منٹ　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 10

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پندرہ منٹ میں حل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: دیئے گئے جوابات یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) "یہ دنیا دکھوں کا گھر ہے" کس کا قول ہے؟

الف۔ گوتم بدھ　　ب۔ گرونانک

ج۔ زرتشت　　د۔ حضرت عیسیٰؑ

(ii) نظام عبادت کی بنیاد ہوتی ہے:

الف۔ نظامِ معاشرت پر　　ب۔ نظریۂ حیات پر

ج۔ عقائد پر　　د۔ خاندانی روایات پر

(iii) انسان کے اندر احتساب کی کنجی ہے:

الف۔ دل　　ب۔ دماغ

ج۔ ضمیر　　د۔ خواہش

(iv) ارسطو کا باپ ------------ تھا۔

الف۔ معلم　　ب۔ طبیب

ج۔ مذہبی رہنما　　د۔ تاجر

(v) چھٹی صدی قبل مسیح میں پیدا ہوئے:

الف۔ ارسطو　　ب۔ مہاویر

ج۔ افلاطون　　د۔ گرونانک

(vi) کس مذہب میں جانوروں کی جان کا زیادہ خیال رکھا جاتا ہے؟

الف۔ سکھ مت　　ب۔ جین مت

ج۔ ہندو مت　　د۔ مجوسیت

(vii) جین مت میں اخلاقیات کے ------------ اصول ہیں۔

الف۔ تین　　ب۔ پانچ

ج۔ سات　　د۔ نو

(viii) سری اربندو کی تصانیف ------------ زبان میں ہیں۔

الف۔ انگریزی　　ب۔ سنسکرت

ج۔ بنگالی　　د۔ ہسپانوی

(ix) مشہور فلسفی کانٹ کے نزدیک اخلاق اس حسنِ عمل کا نام ہے جس میں دخل ہو:

الف۔ دیانتداری کا | ب۔ ارادے کا

ج۔ نیکی کا | د۔ معاشرے کا

(x) ارسطو کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے اتالیق مقرر کیا۔

الف۔ سکندر | ب۔ فلیپوس

ج۔ شاہ یونان | د۔ افلاطون

برائے ممتحن:

کل نمبر: 10 حاصل کردہ نمبر: ______

فیڈرل بورڈ ماڈل سوالیہ پرچہ اخلاقیات

برائے جماعت دہم (سالانہ امتحان 2018 ومابعد)

وقت: 2:15 منٹ | کل نمبر: 40

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔

حصہ دوم (کل نمبر: 24)

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (8×3=24)

(i) گناہ اور جرم میں کیا فرق ہے؟

(ii) مذہب نظام عبادت کے ذریعے کیا تبدیلی لاتا ہے؟

(iii) احتساب کی تعریف کیجیے۔

(iv) روزِ محشر سب سے بڑا سوال کیا ہو گا؟

(v) عورتوں میں کون سی اخلاقی خوبیاں وافر ہوتی ہیں؟

(vi) بازار کے کوئی سے تین آداب تحریر کیجیے۔

(vii) مختلف علوم میں یونان کی کیا اہمیت ہے؟

(viii) دھند یا خراب موسم کی وجہ سے پرواز میں تاخیر ہو تو ہمارا رویہ کیا ہونا چاہیے؟

(ix) قلی سے سامان اٹھواتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

(x) عرب بدوؤں کو کس خوبی نے بحران سے نکلنے میں مدد دی؟

(xi) جین مت کی تعلیمات کے دو اہم پہلو کون سے ہیں؟

حصہ سوم (کل نمبر: 16)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے مفصل جوابات تحریر کیجئے۔ (8×2=16)

سوال نمبر 3: مہاویر کے حالاتِ زندگی تفصیل سے لکھیے۔

سوال نمبر 4: "مذاہب و اخلاقی اقدار باہم لازم و ملزوم رہے ہیں۔" بحث کیجیے۔

سوال نمبر 5: مذاہب میں پابندی وقت کی تلقین پر مضمون لکھیے۔